DUA · ACTS & SUPPLICATIONS IN SEVEN CHAPTERS

Prohibition on Shaving Beard

ڈاڑھی منڈوانا منع ہے

The Holy Prophet (s) is reported to have said, “Trim the mustache and keep the beard unshaved. Do not assimilate yourselves to the Magians and the Jews.” He (s) is also reported to have said, “The Magians have shaved their beards and left their mustaches unshaved. As for us, we shave the mustaches and keep the beards unshaved.” When the Holy Prophet (s) sent messages to the kings of his time, calling them to Islam, Khosrow the Persian king wrote a message to Bazan the governor of Yemen asking him to summon the Holy Prophet (s)...! However, Bazan sent as messengers to the Holy Prophet (s) his clerk Banawayh and another man named Kharkhask. When they presented themselves before the Holy Prophet (s), he turned his face away and hated looking at them directly because they had shaved their beards and kept their mustaches unshaved. He (s) then said to them, “Woe be to you! Who ordered you to do so?” “Our lord did,” they said, referring to Khosrow their king. The Holy Prophet (s) then said, “However, my Lord has ordered me to keep my beard and trim my mustache.”

مثلاً وہ روایت جو حضرت رسول اللہؐ سے منقول ہے کہ آپؐ نے فرمایا: مونچھیں منڈواؤ اور داڑھی بڑھاؤ بس خود کو یہود و مجوس کے مشابہ نہ بناؤ کیوں کہ مجوس اپنی داڑھیوں کو منڈواتے ہیں اور مونچھوں کو بڑھاتے ہیں جب کہ ہم داڑھی کو بڑھاتے اور مونچھوں کو کٹواتے ہیں، چنانچہ جب حضرت رسول اللہؐ کے تبلیغی خطوط مختلف ملکوں کے بادشاہوں کو موصول ہوئے تو کسریٰ (شاہ ایران) نے یمن میں اپنے گورنر باذان کو حکم بھیجا کہ وہ آنحضرتؐ کو اس کے پاس روانہ کر دے تو اس نے اپنے کاتب۔ بانویہ اور ایک دوسرے شخص خرخسک کو مدینہ روانہ کیا ان دونوں نے داڑھیاں منڈوائی اور مونچھیں بڑھائی ہوئی تھیں، ان کی یہ حالت آنحضرتؐ کو نہایت ناگوار گزری اور آپؐ نے انہیں دیکھنا بھی گوارا نہ کیا اور آپؐ نے ان سے فرمایا: افسوس ہے تم پر کس نے تمہیں ایسا کرنے کا حکم دیا؟! انہوں نے کہا: ہمارے رب یعنی کسریٰ نے۔ تو آپؐ نے فرمایا: لیکن میرے رب (پروردگار) نے مجھے داڑھی رکھنے اور مونچھیں کاٹنے کا حکم دیا ہے۔

Printed from https://fzic.org/library/dua/prohibition-on-shaving-beard-4236 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.